سوال

(680) نوجوانوں کے لیے نصیحتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک نوجوان ہوں، میرے لیے آپ کی کیا نصیحتیں ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہم نصیحت کریں گے کہ آپ ظاہری و باطنی طور پر اسلام پر عمل کریں، شعائر اسلام کا اظہار کریں، علماء کی مجالس میں شرکت کر کے ان سے استفادہ کریں، نیک، صالح اور ہمدرد و خیر خواہ نوجوانوں کو اپنا دوست بنائیں اور ان برے دوستوں کو چھوڑ دیں جو گناہوں کی ترغیب دیتے ہیں، نیکیوں میں سستی کرتے اور عبادت میں کوتاہی کرتے ہوں۔ نیز ہم آپ کو یہ بھی نصیحت کریں گے کہ سلف صالح کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص515

محدث فتویٰ